Shabbir / Fazil

15-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج لداخ میں تقریباً 3 ہزار 350 کروڑ روپے مالیت کے 5 بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- مرکزی کابینہ نے ریلوے کے 11 لاکھ سے زیادہ ملازمین کیلئے پیداوار سے منسلک 78 دن کے بونس کو منظوری دے دی ہے۔

3- سرکار نے، ایک کمیٹی بنائی ہے، جو گنّا کسانوں کی جانب سے اُٹھائے گئے معاملات کا جائزہ لے گی اور مناسب اقدامات کی سفارش کرے گی۔

4- بھارتی موسمیات محکمے نے آج ہریانہ، پنجاب، دلّی، کیرالم، تمل ناڈو اور پدوچیری میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

5- اور ....مردوں کی کرکٹ میں، ویسٹ انڈیز نے چوتھے ٹی-ٹوئنٹی میچ میں بھارت کو 24 رن سے ہرا کر 5 میچوں کی سیریز میں دو-دو سے برابری حاصل کر لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Ladakh Projects

وزیر اعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے لداخ میں تقریباً 3 ہزار 350 کروڑ روپے مالیت کے 5 بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔

اِن پروجیکٹوں کا مقصد خطّے میں کنیکٹی وِٹی کو مستحکم بنانا، توانائی کے بنیادی ڈھانچے میں سُدھار لانا، ثقافتی وراثت کو محفوظ رکھنا اور پانی کی دستیابی میں اضافہ کرنا ہے۔ جناب مودی اس موقعے پر موجود لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Phuntsok Wangmo

وزیر اعظم لیہ میں Kushok Bakula Rimpochee ہوائی اڈّے پر نئی مسافر ٹرمینل عمارت کا افتتاح کریں گے، جو 640 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی ہے۔ یہ 23 ہزار 800 مربع میٹر سے زیادہ کے علاقے میں پھیلی ہوئی ہے۔ جدید طرز کے اِس ٹرمینل سے سالانہ 35 لاکھ مسافروں کی آمدورفت میں سہولت ہوگی۔

جناب مودی298 کلو میٹر طویل Nimmu-Padum-Darcha روڈ کو ملک کے نام وقف کریں گے، جسے سرحدی سڑک تنظیم نے تعمیر کیا ہے۔ دوردراز کی Zanskar وادی کے راستے لیہ میں Nimmu کو ہماچل پردیش میں دارچا سے جوڑنے والے اس سڑک رابطے سے لداخ کیلئے متبادل کنیکٹی وِٹی کوریڈور فراہم ہوگا۔

وزیر اعظم 9 میگاواٹ کے Hanu چھوٹے پَن بجلی پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی لیہ میں Sindhu Ghat کے مقام پر بھارت کے پہلے Petroglyph Conservation Park کا افتتاح بھی کریں گے۔ جناب مودی، پروجیکٹ Him Sarovar کے تحت 40 گاؤوں میں 40 آبی ذخیروں کا آغاز بھی کریں گے۔ مشن امرت سرووَر کے مقاصد کے عین مطابق پانی کی بچت کے ذریعے لداخ کے منفرد جغرافیائی اور آب و ہوا کے چیلنجوں سے نمٹنے کے مقصد سے یہ پہل شروع کی گئی ہے۔

لیہ لداخ سے Phuntsok Wangmo کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

<u>PM Asian Games</u>

وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی میں اُن بھارتی کھلاڑیوں سے گفتگو کریں گے، جنہوں نے 2026 کے Nagoya ایشیائی کھیلوں میں حصہ لیا تھا۔ وزیر اعظم اس موقعے پر موجود لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Nitika

جاپان میں حالیہ ایشیائی کھیلوں میں بھارت مجموعی طور پر 85 تمغے جیت کر چوتھے مقام پر رہا۔ اِن میں سونے کے 21، چاندی کے 27 اور کانسے کے 37 تمغے شامل ہیں۔ اس طرح بھارت لگاتار دوسری بار ایشیائی کھیلوں میں چوٹی کے 5 ملکوں میں شامل رہا۔ اس سے مختلف کھیل مقابلوں میں بھارت کی بڑھتی ہوئی مسابقت کی عکاسی ہوتی ہے۔ بھارت نے اِن کھیلوں میں کئی قابلِ قدر کامیابی حاصل کیں۔ اِن میں Recurve تیراندازی میں تاریخی کارکردگی، مردوں اور خواتین کی ہاکی دونوں میں سونے کے تمغے نیز Soft Tennis اور مِکسڈ مارشل آرٹس میں پہلی بار تمغہ جیتنا شامل ہیں۔

دلّی سے Nitika Gupta کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

Union Cabinet

مرکزی کابینہ نے ریلوے کے 11 لاکھ 40 ہزار سے زیادہ ملازمین کیلئے پیداوار سے منسلک بونس کو منظوری دے دی ہے، جو 78 دن کی اُجرت کے برابر ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں کابینہ کی میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ سرکار نے اس کیلئے 2 ہزار 9 کروڑ روپے سے زیادہ مختص کیے ہیں۔

S/B - Ashwini Vaishnaw Bonus

ہر اہل ملازم کیلئے 78 دن کے زیادہ سے زیادہ بونس کی رقم 17 ہزار 951 روپے ہوگی۔ گروپ- C کے ریلوے اہلکار اس کے دائرے میں آئیں گے۔ اِن میں Track Maintainers ، Loco Pilots ، ٹرین منیجرس، گارڈس، اسٹیشن ماسٹر، سُپر وائزر، تکنیکی اہلکار اور Pointsmen شامل ہیں۔

کابینہ نے سماجی امداد کے قومی پروگرام کو مزید 5 سال جاری رکھنے کی بھی منظوری دی ہے۔ اس کی مدّت سال 2030-31 تک ہوگی۔ اس کیلئے 53 ہزار 428 کروڑ روپے کا مجموعی بجٹ رکھا گیا ہے۔

اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی نے IDBI بینک کی کلیدی تنظیمِ نو کو بھی منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ IDBI بینک کی 60 اعشاریہ سات-دو فیصد حصے داری ایک کلیدی خریدار کو فروخت کی جائے گی۔×

Sugarcane Committee

سرکار نے، ایک کمیٹی بنائی ہے، جو گنّا کسانوں کی جانب سے اُٹھائے گئے معاملات کا جائزہ لے گی اور اُن کی تشویش کے تعلق سے مناسب اقدامات کی سفارش کرے گی۔ نیتی آیوگ کے سابق ممبر، پروفیسر رمیش چند اس کمیٹی کی صدارت کریں گے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر نیز صارفین کے امور، خوراک اور تقسیمِ عامہ محکمے کے مرکزی وزیر کے ساتھ کرناٹک اور مہاراشٹر کے گنّا کسانوں کے نمائندوں کی میٹنگ کے دوران کیے گئے فیصلوں کے تناظر میں یہ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Anand Kumar

یہ کمیٹی کھیتی پر آنے والی لاگت اور دیگر متعلقہ پہلوؤں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے گنّا کسانوں کیلئے منافع بخش قیمتیں بڑھانے کی مانگ کا جائزہ لے گی۔ اس کے علاوہ یہ کمیٹی شکر کی پیداوار کی لاگت، مارکیٹ کی صورتحال اور شکر مِلوں کے مالی استحکام کے ضمن میں شکر کی کم از کم قیمتِ فروخت پر نظرثانی کے مطالبے کا بھی جائزہ لے گی۔

یہ کمیٹی کسانوں کو ادا کی جانے والی گنّے کی قیمت کے بارے میں موجودہ طریقۂ کار کے مالی اثرات کا تجزیہ کرے گی اور اگر کوئی دیگر متعلقہ معاملہ ضروری ہے تو اُس پر بھی غور کر سکتی ہے۔

دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM 25 Years

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔

اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ RERA جیسے اداروں کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے، جو جائداد اور املاک کے شعبے میں شفافیت لانے اور صارفین کے حقوق کی سَمت کام کر رہے ہیں۔

Capsule - Sushil Chandra Tiwari

پارلیمنٹ نے ریاستوں میں Real Estate Regulatory Authorities آر ای آر اے کے قیام کے لئے راہ ہموار کرتے ہوئے سال 2016، Real Estate کے ضابطہ بندی اور ترقی سے متعلق قانون نافذ کیا۔

اس قانون کے تحت Developers کیلئے اس بات کو لازمی بنایا گیا کہ وہ اس قانون کے تحت قابل اطلاق دفعات کے مطابق، املاک کے اشتہارات دینے یا انہیں فروخت کرنے سے پہلے Real Estate پروجیکٹوں کو رجسٹرڈ کرایا جائے۔

RERA، Developers اور گھر خریدنے والے افراد کے درمیان تنازعات کے تصفیے کیلئے انضباطی طریقۂ کار فراہم کرتی ہیں تاکہ Real Estate شعبے میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جائے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ RERA گھر خریدنے والے لوگوں اور Developers کے درمیان اعتماد کو مستحکم بنانے میں نمایاں رول ادا کرتی ہیں۔

S/B PM Narendra Modi

گوتم بدھ نگر کے رہنے والے انل تیواری نے بتایا کہ RERA نے Developers اور گھر خریدنے والے لوگوں کے درمیان شفافیت کو بہتر بنایا ہے۔

لکھنؤ سے سُشیل چند تیواری کی رپورٹ کے ساتھ.........

Mahila Kisan Diwas

زراعت اور کسانوں کی بہبود کا محکمہ زراعت کے شعبے میں خواتین کی خدمات کے اعتراف میں آج قومی سطح پر مہیلا کسان دِوس کی تقریب کا اہتمام کرے گا۔ اِس پروگرام کا موضوع ہے: ترقی یافتہ زراعت اور وکست بھارت کی تعمیر میں خاتون کسانوں کا کردار''۔

زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے کہا کہ آج اقوام متحدہ کے دیہی خواتین کا بین الاقوامی دن بھی منایا جا رہا ہے۔ وزارت نے اس بات پر زور دیاہے کہ یہ خاتون کسانوں کا تعاون ہے،جو بھارت میں زراعت کو مزید پیداواری صلاحیت اور خود انحصاری بخش رہا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Prez Saras Mela

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج وِجے واڑہ میں Punnami Ghat کے مقام پر قومی SARAS روزی روٹی میلے کا افتتاح کریں گی۔ پہلی بار قومی سطح کا یہ میلہ دلّی قومی راجدھانی خطّے سے باہر ہو رہا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Allu Murali

قومی SARAS میلہ 2026 اپنی مدد آپ گروپوں سے تعلق رکھنے والی دیہی خواتین کو ملک بھر میں اپنی مصنوعات کی نمائش کرنے، وسیع بازار رسائی اور اپنے ذریعۂ معاش کو مستحکم بنانے کا پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔

اس کا اہتمام آندھرا پردیش حکومت کے اشتراک میں دیہی ترقی کی مرکزی وزارت کی طرف سے کیا گیا ہے، جس میں کاروبار اور دست کاری کے کاموں میں مصروف تقریباً ایک ہزار پانچ سو خواتین شرکت کر رہی ہیں۔

650 سے زیادہ اسٹالس پر روایتی ہتھ کرگھے کی مصنوعات، نامیاتی اشیا اور گھریلو سامان کی نمائش کی گئی ہے۔

قومیSARAS میلہ دیہی خواتین کی پائیدار آمدنی اور مالی اعتبار سے خود انحصاری میں معاون لکھ پتی دیدی پہل کو نمایاں کرتا ہے۔

وِجے واڑا سے الّو مرالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....

Bengal Durga Puja

Panchami کے ساتھ بڑی تقریبات کے آغاز کیلئے مغربی بنگال میں پوری عقیدت، شان و شوکت اور اتحاد کے جذبے کے ساتھ دیوی دُرگا کا خیر مقدم کرنے کیلئے تیاریاں جاری ہیں۔ کولکاتہ اور ریاست کے دیگر حصوں میں رنگ برنگی روشنی اور دیوی دُرگا کی شاندار مورتیوں کے ساتھ پنڈالوں کو خوبصورتی سے سجایا گیا ہے۔ اس سال مغربی بنگال میں تقریباً 57 ہزار 500 دُرگا پوجا کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اِن میں اکیلے کولکاتہ میں ہی 3 ہزار 300 سے زیادہ پوجا پنڈال ہیں۔ ہزاروں لوگوں نے پہلے ہی پنڈالوں میں آنا شروع کر دیا ہے اور آنے والے دنوں کے ساتھ لوگوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہونے کی امید ہے۔x

Delhi Govt MCD School

دلی حکومت نے دلی میونسپل کارپوریشن MCD کے اسکولوں میں پڑھنے والے طلبا کو فائدوں کی براہِ راست منتقلی کے طریقۂ کار کے تحت ایک ہزار 370 روپے فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِس سلسلے میں وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے بتایا کہ MCD کے پانچ لاکھ سے زیادہ طلبا کیلئے یونیفارم اور اسکول بیگ کے لئے DBT کے ذریعے کُل 70 کروڑ روپے سے زیادہ رقم جاری کی گئی۔

اِس موقعے پر انھوں نے دس AI اور روبوٹیکس لیبس، ایک ہزار پانچ سو پرنٹرس، Science on Wheels اور 60 کروم بُکس جیسی تعلیمی سہولتوں کا آغاز کیا۔

ٹیگور گارڈن میں MCD کے پرائیویٹ اسکول میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے سرکاری اداروں، افسران، عوامی نمائندے اور نجی شعبوں کی تنظیموں کے درمیان تال میل اور اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔x

Kovind Book

سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں اتر پردیش میں ترقی، امن و قانون اور اچھی حکمرانی کے لیے کی گئی کوششوں کی ستائش کی۔

جناب کووند لکھنو میں منعقدہ ایک پروگرام میں اپنی خود نوشت سوانح عمری ''Bharatiya Ganatantara کی وِجے گاتھا، میرا جیون میرا سنگھرش'' کی رسمِ اجراء کے موقعے پر اظہارِ خیال کر رہے تھے۔x

Scindia MP

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترادتیہ سندھیا آج سے مدھیہ پردیش کے چار روزہ دورے پر رہیں گے۔ وہ آج ضلع اشوک نگر پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب سندھیا لوگوں سے ملاقات کریں گے، ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور نئے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ x

Puducherry French School

پدوچیری کا Lee-SAY Frahn-SHE انٹرنیشنل De Pondicherry اسکول آج اپنے 200 سال مکمل ہونے کا جشن منا رہا ہے۔ فرانس سے باہر چلنے والا یہ قدیم فرانسیسی اسکولوں میں سے ایک ہے۔ اس طرح مذکورہ اسکول نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں تعلیمی اور ثقافتی تاریخ کی دو صدیاں مکمل کر لی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Bibin

دو سو سالہ تقریبات کے ایک ہفتے پر مشتمل پروگرام میں نمائشیں ثقافتی مظاہرے، تاریخی Presentation اور سابق طلبا کی ملاقاتیں شامل ہیں۔ 400 سے زیادہ سابق طلبا، جن میں سے بہت سے فرانس سے سفر کرکے آئے ہیں، اِن تقریبات میں شرکت کر رہے ہیں۔ اِس کے علاوہ آج شام منعقد ہونے والی باضابطہ تقریب میں ایک ہزار سے زیادہ مہمانوں کی شرکت متوقع ہے۔ بھارت میں فرانس کے سفیر Thierry Mathou بیرونِ ملک فرانسیسی تعلیم کے ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل Alexandre Morois، پدوچیری کے لیفٹننٹ گورنر کے۔کیلاش ناتھن اور وزیراعلیٰ این رنگا سامی بھی ان تقریبات میں شرکت کریں گے۔

پدوچیری سے بِبن ایس ناتھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج ہریانہ، پنجاب، کیرالم، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش کے امکان کے مدِ نظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

ساحلی آندھراپردیش اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں بھی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، پنجاب، اتراکھنڈ اور مغربی اترپردیش میں آج گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے اور اولے گرنے کا امکان ہے۔

اُدھر جموں و کشمیر میں کئی مقامات پر ہلکی سے لیکر اوسط بارش ہونے اور بلند مقامات پر ہلکی برفباری ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

Cricket 4th T 20

مردوں کی کرکٹ میں، ویسٹ انڈیز نے کل رات حیدرآباد میں کھیلے گئے چوتھے ٹی-ٹوئنٹی میچ میں بھارت کو 24 رن سے ہرا کر 5 میچوں کی سیریز میں دو-دو سے برابری حاصل کر لی ہے۔

بھارت کو 248 رن کا نشانہ ملا تھا، لیکن وہ 19 اوورس اور تین گیندوں میں 9 وکٹ پر 223 رن ہی بنا سکا۔ Sanju Samson نے سب سے زیادہ 56 رن بنائے، جبکہ تِلک ورما نے 43 رن اسکور کیے۔ Arshdeep Singh چوٹ لگنے کی وجہ سے میدان سے چلے گئے۔ انہوں نے 5 رن بنائے تھے۔

اس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیت کر ویسٹ انڈیز سے بلّے بازی کرنے کو کہا اور اُس نے مقررہ 20 اوورس میں 3 وکٹ پر 247 رن بنائے۔

ویسٹ انڈیز کے کپتان Shai Hope نے صرف 50 گیندوں پر 102 رن اسکور کیے اور آخر تک آؤٹ نہیں ہوئے۔ اُنہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔
5 میچوں کی سیریز کا آخری میچ بنگلورو میں اس مہینے کی 17 تاریخ کو کھیلا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

بھارت آسیان بحری سلامتی اور دفاعی ٹیکنالوجی پر مل کر کام کریں گے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو آج کے اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے ویشالی کشتی حادثہ پر افسوس کا اظہار کیا اور متاثرین کے اہل خانہ کے لئے امدادی رقم کا اعلان کیا۔ اس خبر کو بھی اخبارات نے نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔

ڈی آر ڈی او اختراعی کانفرنس میں مقامی چپ اور سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی پر تبادلۂ خیال کرے گا۔ اس خبر کو پرتاپ کے علاوہ دیگر اخبارات نے بھی نمایاں کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخبارات کی بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

- صنعاء میں سعودی اتحاد کا بڑے حملے کا اعلان، شہریوں کو انخلاء کا حکم
- یوکرین میں روس کے حملے 6 افراد ہلاک، متعدد زخمی، لاکھوں افراد بجلی سے محروم
- مصنوعی ذہانت برطانیہ کی سلامتی کیلئے بڑا خطرہ، خفیہ ادارے کے سربراہ کا انتباہ
- رومانیہ کی سرحد پر ڈرونز کی پرواز، فضائیہ حرکت میں

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج لداخ میں تقریباً 3 ہزار 350 کروڑ روپے مالیت کے 5 بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- مرکزی کابینہ نے ریلوے کے 11 لاکھ سے زیادہ ملازمین کیلئے پیداوار سے منسلک 78 دن کے بونس کو منظوری دے دی ہے۔

3- سرکار نے، ایک کمیٹی بنائی ہے، جو گنّا کسانوں کی جانب سے اُٹھائے گئے معاملات کا جائزہ لے گی اور مناسب اقدامات کی سفارش کرے گی۔

4- بھارتی موسمیات محکمے نے آج ہریانہ، پنجاب، دلّی، کیرالم، تمل ناڈو اور پدوچیری میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

5- اور ....مردوں کی کرکٹ میں، ویسٹ انڈیز نے چوتھے ٹی-ٹوئنٹی میچ میں بھارت کو 24 رن سے ہرا کر 5 میچوں کی سیریز میں دو-دو سے برابری حاصل کر لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔